ALL INDIA MUSLIM
PERSONAL LAW BOARD

آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ

Ref. No...............

Date 25/01/2018

پریس ریلیز

آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ کے شعبہ ویمنس ونگ کا خواتین وطالبات کے لئے لوک سبھا سے منظور کردہ طلاق ثلاثہ بل کے خلاف ایک اہم اجلاس عام مؤرخہ ۲۸/جنوری ۲۰۱۸ء بروز اتوار بوقت ۲/بجے دن تا شام پانچ بجے ملی ماڈل اسکول ابوالفضل انکلیو جامعہ نگر نزد الشفاء ہوسپیٹل نئی دہلی میں منعقد ہو رہا ہے۔ یہ اجلاس ویمنس ونگ کی سربراہ محترمہ ڈاکٹر اسماء زہرہ صاحبہ کی صدارت میں منعقد ہوگا جسمیں ملک کی مشہور ومعروف اور ممتاز خواتین اجلاس سے خطاب کریں گی اور اس موضوع پر تفصیلی کے ساتھ خطاب کریں گی۔

اجلاس کی کنویز محترمہ ممدوحہ ماجد صاحبہ نے تمام خواتین وطالبات سے درخواست کی ہے کہ وقت کی نزاکت اور اس بل کی حساسیت کو مدنظر رکھتے ہوئے اس اجلاس میں اپنی شرکت کو مقدم بنائیں اور کثیر تعداد میں شریک اجلاس ہوکر ایمانی اور اسلامی ذہن و مزاج بنانے میں ہماری مدد کریں۔

جاری کردہ

دفتر آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ

All India Muslim Personal Law Board New Delhi

76A/1, MAIN MARKET, OKHLA VILL., JAMIA NAGAR, NEW DELHI-110025
Ph.: 011-26322991, Telefax: 011-26314784, E-mail: aimplboard@gmail.com
Website : www.aimplboard.in